## صدارتی انتخاب میں آصف زرداری کی نہیں بلکہ جمہوریت کی فتح ہوئی ہے۔الطاف حسین

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پیپلزپارٹی کے عہدیداروں اور کارکنوں کے وفد سے بات چیت

## الطاف حسین نے آصف زرداری کی کامیابی کے سلسلے میں اہم کردار ادا کرکے وفاق کو بچالیا ہے۔سعادت حسین شاہ

لندن۔۔۔7ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ملک اور جمہوریت کی بقاء کا تقاضہ ہے کہ تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں انانیت چھوڑ کر ملک کی فکر کریں اورمحاذ آرائی کے بجائے ملک اورجمہوریت کے استحکام کیلئے کوششیں کی جائیں۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پیپلزپارٹی کے عہدیداروں اورکارکنوں کےایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی جوصدارتی انتخاب میں پیپلزپارٹی کےشریک چیئرمین آصف علی زرداری کی بھاری اکثریت سےکامیابی پر جناب الطاف حسین کومبارکباد پیش کرنے اور کامیابی کے سلسلے میں بھرپورتعاون کرنے پران کاشکریہ ادا کرنے آیا تھا۔وفدمیں پیپلزپارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹوکمیٹی کے رکن سعادت حسین شاہ، پی پی برطانیہ کےایڈیشنل سیکریٹری جنرل ریاض خان، پی پی گریٹرلندن کے جنرل سیکریٹری محسن ہادی،سیکریٹری اطلاعات آغاتنویراقبال،پیپلزپارٹی کے بانی رکن مختارمیر، پیپلزلیبربیوروکےفیض سلطان،اشرف چغتائی،چوہدری مظفر،جاویدشیخ،،محمدمجید،عبدالرحمٰن فانی،سردارمجیداوردیگرکارکنان شامل تھے۔پیپلزپارٹی کےعہدیداران صدارتی انتخاب میں کامیابی کی خوشی میں جناب الطاف حسین کیلئے مٹھائی بھی لیکرآئے تھے۔جناب الطاف حسین نے پیپلزپارٹی کےعہدیداروں اورکارکنوں کوآصف علی زرداری کی شاندار کامیابی پرمبارکباد پیش کی اوران سے کہا کہ یہ آصف علی زرداری کی نہیں بلکہ جمہوریت کی فتح ہےاورہم سب کوملکر جمہوریت کی اس فتح کومزید مستحکم کرنا چاہیے۔انہوں نے مزید کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹوشہیداوران کے خاندان نے جمہوریت کیلئے اپنی جان کی قربانی دی،ہم نے اسی لئے ماضی کوفراموش کرکےان کا ساتھ دیا،کیونکہ یہ سمجھتے ہیں کہ اگرہم ملک کی خاطراپنے سیاسی اختلافات کوپس پشت نہیں ڈالیں گےتو یہ سلسلہ قبائلی دشمنی کی طرح نسل درنسل چلتارہے گا۔لہٰذاہمیں ملک کی خاطروسیع القلبی کامظاہرہ کرناہوگا۔انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک کو دہشت گردی،انتہاپسندی،معاشی عدم استحکام اورطرح طرح کے چیلنجز اورخطرات کا سامنا ہے لہٰذاہمیں سیاسی ونظریاتی اختلافات کودشمنی کارنگ نہیں دینا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضہ ہے کہ ہم پاکستان کواپنے اتحاد سے بچائیں،انانیت چھوڑ کرملک کی فکر کریں اورمحاذآرائی کے بجائے ملک اور جمہوریت کے استحکام کیلئے کوششیں کریں۔انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی صلاحیتوں کواستعمال کرتے ہوئے ملک کومشکلات سے نکالنا ہے،عوام کوغربت،بیروزگاری اوردیگر مسائل سے نجات دلانا ہےاورلوڈشیڈنگ،خوراک اورتوانائی کے بحران سے ملک کونجات دلانا ہےاورایسےلوگوں سے ملک کومحفوظ کرنا ہے جواپنی انا کی خاطر پاکستان کونقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم اورالطاف حسین پرملک دشمنی اورطرح طرح کےالزامات لگائے گئےلیکن یہ وقت ثابت کرے گا کہ ایم کیوایم اورالطاف حسین ملک دشمن تھے یہ ملک سےمحبت کرنے والے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 6ستمبر1965ءکومسلح افواج کے سپاہیوں نے ملک کی خاطراپنی جانوں کی قربانی دی،آج ہمیں بھی یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہم بھی ملک کی خاطرکسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔اس موقع پر پیپلزپارٹی کےعہدیداروں نے جناب الطاف حسین کوبھی آصف علی زرداری کی شاندارکامیابی پرمبارکباد پیش۔پیپلزپارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹوکمیٹی کےرکن سعادت حسین شاہ نے جمہوریت کیلئے جناب الطاف حسین کے کردارکوسراہتے ہوئے کہا کہ آپ نے صدارت کے منصب کیلئے آصف علی زرداری کا نام سب سے پہلے تجویز کرکےاورانکی کامیابی کے سلسلے میں اہم کردارادا کرکے پاکستان اوروفاق کوبچالیا ہےاوراپنےعمل سےایک بارپھر ثابت کردیا ہے کہ ایم کیوایم ایک جمہوریت پسند جماعت ہے جوپاکستان کی یکجہتی اورسلامتی کی ضامن ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک اورجمہوریت کی بقاء کیلئے انشاءاللہ ایم کیوایم اورپیپلزپارٹی کا یہ اتحادقائم رہے گااورمزیدمضبوط ومستحکم ہوگا۔پیپلزپارٹی کے بانی رکن مختارمیر نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ ملک پربرسوں تک آمریت کےسائے رہے ہیں اورآپ نے آمریت کے بجائے جمہوریت کا ساتھ دیا جس پرہم آپکےشکرگزارہیں۔پیپلزپارٹی برطانیہ کےایڈیشنل سیکریٹری جنرل ریاض خان نے جناب الطاف حسین سےگفتگوکرتے ہوئے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹوشہید جب نائن زیروگئی تھیں تو آپ نے کھلے دل کےساتھ محبت کا مظاہرہ کیا تھا،آج بھی ہمیں ایسا لگ رہا ہے کہ ہم اپنے گھرآئے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آپ کے دانشمندانہ فیصلے نے پاکستان کوتاریک دورسے بچالیا،آپ جیسے لیڈرہی ہمیشہ ملک کومشکلات سے نکالتے ہیں۔پی پی گریٹرلندن کے جنرل سیکریٹری محسن ہادی نے جمہوریت کیلئے جناب الطاف حسین کےمثبت کردارکوسراہااورکہا کہ آپ جمہوریت کے استحکام کیلئے جوکوششیں کررہے ہیں وہ قابل تعریف ہیں۔اس موقع پرپیپلزپارٹی کے کارکنوں نے ’’الطاف حسین زندہ باد‘‘ کےنعرے لگائے۔

## کارکنان وہمدردایم کیوایم حیدرآباد سیکٹر G کے سیکٹر انچارج راشد ممتاز کے والد سید ممتاز علی کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔7ستمبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم حیدرآباد سیکٹر G کے سیکٹر انچارج راشد ممتاز کے والد سید ممتاز علی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوردعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کوصحت کاملاں عطا کرے اوران کی عمردراز کرے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کارکنوں اور ہمدردوں سے بھی اپیل کی ہے وہ سید ممتاز علی کی صحت یابی کیلئے دعا کریں۔

## آصف زرداری کی کامیاب پرملک بھرمیں ایم کیوایم کی جانب سے زبردست خیرمقدم
## ایم کیوایم کے اراکین پارلیمنٹ نے پیپلزپارٹی کے رہنماؤں اوراراکین اسمبلی کومبارکباد پیش کی

کراچی۔۔۔7،ستمبر2008ء

پاکستان پیپلزپارٹی،ایم کیوایم اوراتحادی جماعتوں کے نامزد امیدوار آصف علی زرداری کی صدارتی انتخاب میں بھاری اکثریت سے کامیابی کا کراچی سمیت ملک بھر میں متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے زبردست خیرمقدم کیا گیا اوران کی بھاری اکثریت سے کامیابی کوجمہوریت کی فتح قرار دیا ہے۔آصف علی زرداری کی کامیابی کی خوشی میں جہاں پیپلزپارٹی کے کارکنان وعہدیداران خوشی منارہے ہیں وہیں ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان میں بھی خوشی کی لہر پائی جاتی ہے جبکہ ایم کیوایم کے اراکین پارلیمنٹ نے پیپلزپارٹی کے اراکین اسمبلی کوآصف علی زداری کی بھاری اکثریت سے کامیابی پرقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی اورانہیں جمہوریت کے فروغ،انتہاء پسندی اور دہشت گردی کے خاتمے سمیت ہرمثبت اقدام پرمتحدہ قومی موومنٹ کے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔آصف علی زرداری کی صدارتی انتخاب میں کامیابی کومتحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان وذمہ داران اورمختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے ملک کے موجودہ نازک حالات پرقابو پانے کیلئے اہم پیش رفت بھی قرار دیا جارہا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ آصف علی زرداری نے جس مفاہمتی عمل کے تحت حکومت اتحادی جماعتوں کوساتھ لیکر چلے وہ تسلسل قائم رکھنا چاہئے اور اس ہی تسلسل کے ذریعے نہ صرف ملک مضبوط ہوگا بلکہ صوبوں کے درمیان موجودگی تفریق اورنفرتوں کا بھی خاتمہ ممکن ہوسکے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ صدارتی انتخاب کا اہم مرحلہ خوش اسلوبی سے مکمل ہوگیا ہے اوراب پیپلزپارٹی،متحدہ قومی موومنٹ اوراتحادی جماعتوں کوملک کے عوام کے بنیادی مسائل مہنگائی،بے روزگاری،صنعتی ترقی اور معیشت کی بحالی کیلئے اپنا مثبت کردار جس قدر جلد ممکن ہوادا کرنا چاہئے جس کے فوری ثمرات عوام تک پہنچ سکیں۔انہوں نے صدارتی انتخاب میں آصف علی زرداری کی بھرپور کامیابی کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے عملی کاوشیں اورکردارادا کرنے پرانہیں زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے رکن کوثرعلی ایڈوکیٹ سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔7،ستمبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیگل اید کمیٹی کے رکن سید کوثرعلی شاہ ایڈووکیٹ کی والدہ محترمہ عارفہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆